تبصرے کے لئے دو کتابوں کا آنا ضروری ہے

انتقاد

خلفاءِ اسلام — تالیف : مولانا قاضی محمد شمس الدین مجددی ہزاروی۔

ناشر : مکتبہ احرار الاسلام۔ ملتان   ضخامت : ۱۸۰ صفحات

قیمت : دو روپے چار آنے۔ ملنے کا پتہ :۔ قاضی شمس الدین، مدرسہ فرقانیہ کوہاٹی بازار، راولپنڈی

زیرِ نظر کتاب ایک راسخ العقیدہ باعمل عالم دین کی کاوشِ قلم کا نتیجہ ہے۔ مصنف نے آسان اور سلیس زبان میں خلفائے اسلام کا سوانحی خاکہ نہایت احتیاط کے ساتھ قلمبند کیا ہے۔ مصنف کے اخذ کردہ بعض نتائج سے اختلاف کیا جاسکتا ہے مگر یہ نہیں کہا جاسکتا کہ مصنف نے جانبداری سے کام لیا ہے یا وہ عصبیت اور تنگ نظری کا شکار ہیں۔ اس کتاب میں خلفائے اربعہ کی بجائے خلفائے ستہ کا ذکر ہے۔ یعنی ابوبکر و عمر و عثمان و علی رضی اللہ عنہم کے علاوہ حضرت امام حسنؓ اور حضرت امیر معاویہؓ کے حالات بھی درج ہیں۔ یہ کتاب طلبہ کے لئے خاص کر مفید ہے۔

(عبدالرحمٰن شاہ ولی)

عطیۂ پاکستان :۔ مرتبہ ابو احمد عبداللہ گوجرانوالہ۔ ناشر عبدالواسع ناظم نشر و اشاعت ادارہ نعمانیہ رجسٹرڈ پاکستان۔ طابع دین محمدی پریس لاہور۔ صفحات ۳۰۴۔ سائز کتابی۔ کتابت و طباعت عمدہ۔ قیمت درج نہیں۔

کتاب پر ایک سرسری نظر ڈالنے سے پتہ چلتا ہے کہ مرتب نے مولانا طیب دیوبندی وغیرہم کے مختلف خطبات کے اقتباسات کو عنوانات کا جامہ پہنا کر یکجا کر دیا ہے۔ پھر بھی موضوع سے انصاف نہیں کیا جاسکا۔

ہماری رائے میں اگر فاضل مرتب ذرا کاوش سے کام لیتے اور مختلف اقتباسات سے استفادہ کرکے موضوع پر ایک مقالہ سپردِ قلم فرما دیتے، اور صرف ضروری اقتباسات کو بطور حوالہ